**22/09/2025**

**07.4O PM**

**<u>ہیڈ لائنز</u>**

***........ وزیر اعظم نریندر مودی نے ارو ناچل پردیش میں پانچ ہزار ایک سو کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کا کیا آغاز //ملک میں GST بچت اُتسو کی شروعات .**

***........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی حالیہ سیلاب سے تباہ شدہ بنیادی ڈھانچے کو تیزی سے بحال کرنے اور ریلیف کی بر وقت تقسیم کاری کو یقینی بنانے کی ہدایت.**

***........ ملک میں نوراترا کا آج سے آغاز // لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی لوگوں کو مبارک باد .**

***........ پچھلے دس دنوں کے دوران ایک لاکھ 37 ہزار میٹرک ٹن میوہ مختلف منڈیوں کے لئے روانہ .**

**<u>وزیر اعظم</u>**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اروناچل پردیش میں پانچ ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زائد لاگت والے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی شروعات کی . انہوں نے کچھ پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کو قوم کے نام وقف کیا . اس موقعہ پر ایٹا نگر میں لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اروناچل پردیش کے وسائل کو اجا گر کیا . وزیر اعظم نے مزید کہا کہ آج کا دن اس لحاظ سے بھی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ آج ہی GST بچت اتسو کی شروعات ہوئی ہے اور لوگوں کو مختلف چیزیں اب مناسب نرخوں پر دستیاب ہوں گی .**

**<u>GST</u>**

**ملک بھر میں آج سے Next Gen GST اصلاحات لاگوہو گئے ہیں.ان اصلاحات کی بدولت ملک میں ٹیکس نظام معقول اور آسان بن گیا ہے اور لوگوں کو مناسب نرخوں پر مختلف چیزیں اور سہولیات دستیاب ہوں گی . اصلاحات کے کچھ نکات یوں ہیں .**

***.... کیمیائی کھادوں پر GST کو 18 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کر دیاگیا ہے.**

***.... قابل تجدید توانائی پر کام آنے والی مصنوعات اور اُن کے پُر زہ جات کا GST بھی 12 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کردیا ہے.**

**پی کے بٹ**

اِدھر سٹیٹ ٹیکسز ڈیپارٹمنٹ جموں کشمیر کے کمشنر پی کے بٹ نے نئی جی ایس ٹی اصلاحات کے تعلق سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**وزیر اعلیٰ میٹنگ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مختلف محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ حالیہ سیلابوں کی وجہ سے ہوئے نقصانات کا تیزی سے تخمینہ لگائیں نیز بحالیاتی کاموں میں سر عت لائیں اور وقت پر رلیف کی تقسیم کاری کو یقینی بنائیں ۔ اس ضمن میں آج ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر چہ تباہ شدہ بیشتر سڑکوں کو بحال کیا گیا ہے تاہم دیگر سڑکوں کو ٹریفک کے لئے کھولنے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کیا جانا چاہئے ۔

**وزیر اعلیٰ ملاقات**

دریں اثناءکئی ارکان قانون سازیہ نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ ارکان نے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات بھی وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائے۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں ہر ممکن کاروائی کرنے کا یقین دلایا ۔

**CSR**

بھارت سی ایس آر نیٹ ورک اور سرکیولر اکانمی الائنس آسٹریلیا کے چیر مین اور فاونڈر ساجد سید نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر میں سی ایس آر پروجیکٹوں کی عمل آوری پر تبادلہ خیال کیا ۔

**درخشاں اندرابی**

دریں اثناءانڈو آسٹریلین وفد نے آج سرینگر میں جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی کے ساتھ ملاقات کی ۔ وفد نے کار پوریٹ سماجی ذمہ داری اقدامات کے تحت یوٹی میں عملائے جا رہے متعدد منصوبوں سے متعلق چیر پرسن کو جانکاری دی ۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ان منصوبوں پر بورڈ میٹنگوں میں تبادلہ خیال کر کے لازمی کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

**ڈویژنل کمشنر**

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران خطاب کرتے ہوئے جانکاری دی کہ پچھلے دس روز کے دوران سرینگر جموں قومی شاہراہ ،مغل روڈ

اور ٹرین پارسل سروس کے ذریعے ایک لاکھ 37 ہزار میٹرک ٹن تازہ میوہ منڈیوں کے لئے روانہ کیا گیا ۔

ٹریفک IGP ایم سلیمان چودھری نے میوہ بردار ٹرکوں کی آواجائی کے تعلق سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ۔

## سیکریٹری ٹرانسپورٹ اینی لواسا

اُدھر سیکریٹری ٹرانسپورٹ اینی لواسا نے آج اننت ناگ کا دورہ کر کے وہاں ٹرانسپورٹ سے جڑے مسائل کا جائزہ لیا ۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میوہ ٹرکوں کے کرایہ میں معقولیت لانے کے لئے لازمی اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

## PDP

پی ڈی پی لیڈر اور ایم ایل اے وحید الرحمان پرہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وادی کے میوہ تاجروں اور کسانوں کے مفادات کو تحفظ دینے کے لئے موثر اقدامات کئے جانے چاہئیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ شاہراہ کے آئے دن بند رہنے سے باغ مالکان اور تاجروں کو نقصانات سے دو چار ہونا پڑتا ہے ۔

انہوں نے سرینگر جموں قومی شاہراہ اور مغل روڈ کو مکمل طور سے قابل آمد رفت بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ گاڑیوں کی بلا خلل آواجائی ممکن ہو سکے ۔

## نو راتری

ملک بھر میں آج سے نو دنوں تک جاری رہنے والے تہوار نو راتری کا آغاز ہو گیا ہے ۔ اس سلسلے میں ملک کے تمام حصوں میں مندروں میں خصوصی پوجا پاٹھ کا اہتمام ہو رہا ہے ۔

جموں ڈویژن کے کٹرہ قصبے میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی کے مندر میں بھی شردھالووں کا تانتابندھا ہوا ہے ۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ آج پہلے دن دس ہزار سے زائد شردھالوں نے استھاپن پر حاضری دی ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوراتری کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک پیغام میں انہوں نے دعا کی کہ یہ دن ہم سب کے لئے ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے ۔

وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے بھی نو راتری کے موقعے پر لوگوں کو خاص کر پنڈت برداری کو مبارکباد دی ہے۔

## پی ایم اُجولا

نوراترا کے پہلے دن آج حکومت نے مستحق کنبوں میں 25 لاکھ نئے مفت پی ایم اُجولا کنیکشن دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اجولا کنبے میں شامل ہونے والی

ماو

---

ں اور بہنوں کو مبارک باد دی ۓ۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ مودی سرکار نے نوراترا کے موقعہ پر ملک کی
ماو

---

اصلاحات کا تحفہ دیا ہے جس کی بدولت ان کے معیار Next Gen GST ں اور بہنوں کے لئےۓ حیات میں نمایاں بہتری آئے گی ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ سیوا پرو کی خصوصی سیریز میں آج حکومت کی ۓ طرف سے ملک میں مکانات اور شہری ترقی کے شعبے کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے کے لئے کی گئی کوششوں پر نظر ڈالی جائے گی ۔ پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

ست شرما

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج پارٹی کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں وزیر اعظم نریندر مودی کے 75 ویں جنم دن کے سلسلے میں منعقد ہو رہے سیوا پکھوارہ کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ سیوا پکھواڑہ سماج کو خدمات کے ساتھ جوڑنے کا ایک مشن ہے ۔

**BJP**

سیوا پکھواڑہ کے سلسلے میں گھنٹہ گھر لال چوک میں بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول کی صدارت میں ایک نمائش کا اہتمام کیا گیا ۔ اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما ، جنرل سیکریٹری انور خان ، ایم ایل اے دوندر منیال ، ترجمان الطاف ٹھاکر اور کئی دیگر لیڈر بھی اس موقعہ پر موجود تھے ۔

دریں اثناءسرینگر میں کئی کارکنوں ، تاجروں اور دیگر شخصیات نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی ۔

بی جے پی کے ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری اور کئی دیگر لیڈروں نے جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران عمر عبداللہ والی سرکار پر الزام لگایا ہے کہ یہ سرکار بقول ان کے دوہرے معیار سے کام لیتے ہوئے قومی نظریے کو زک پہنچا رہی ہے ۔

بی جے پی کے ایک اور لیڈر ڈاکٹر ہری دَت شِشو نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار جموں کشمیر کو ترقی کی راہ پر گامزن کرانے کے لئے پُر عزم ہے ۔

بی جے پی مہیلا مورچہ کی صدر نیہا مہاجن نے گاندھی نگر جموں میں ایک فیشن سٹور کا افتتاح کیا ۔

بی جے پی رفیو جی سیل جموں کشمیر کے کنوینر ایس بلوندر سنگھ کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران POJK سے بے گھر ہوئے افراد کے مسائل کا جائزہ لیا گیا ۔

**امر سنگھ کالج**

سیوا پرو کے تحت محکمہ اطلاعات و رابطہ عامہ کی طرف سے آج امر سنگھ کالج میں ایک روزہ کلچرل فسٹیول کا انعقاد کیا گیا ۔ اس دوران کئی ثقافتی پروگرام منعقد ہوئے ۔ تقریب پر معروف براڈ کاسٹر اور آکاشوانی سرینگر کے سابق ڈائریکٹر سید ہمایوں قیصر، امر سنگھ کالج کے پرنسپل پروفیسر اعجاز احمد حکاک اور DIPR کے ڈپٹی ڈائریکٹر احسان الحق چستی بھی موجود تھے ۔

**ہماری ذمہ داری**

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے اس تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**فاروق عبداللہ**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے برزلہ میں ایک پرائیویٹ حج و عمرہ ٹریول ایجنسی کا افتتاح کرنے کے بعد کہا کہ حج و عمرہ سروس فراہم کرنے والوں کو ذمہ داری کے ساتھ کام کر کے عازمین کو ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھنی چاہئےں ۔**

**نیشنل کانفرنس**

**نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور ایم ایل اے خانیار علی محمد ساگر نے ڈویژنل انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ حضرت پیر دستگیر صاحبؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں زائرین کے لئے تمام سہولیات دستیاب رکھی جانی چاہئیں ۔**

**پارٹی کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے کوچی اربن کنکلیو 2025 میں شرکت کے بعد آج ایک تفصیلی رپورٹ وزیر اعلیٰ کو پیش کی ۔**

**تعزیت**

**ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات اور جموں کشمیر پولیس کے تمام افسروں نے جموں کشمیر کے سابق ڈی جی پی غلام جیلانی پنڈت کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی ظاہر کی ہے ۔ مرحوم نے جے کے پولیس کے چوتھے ڈی جی پی کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دئے ہیں ۔**

**آیورویدھا دن**

**ملک میں کل آیورویدھا دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن آیور وید ھا کو ملکی اور بین الاقوا می سطح پر عام کرنے اور لوگوں میں اس کی افادیت کے بارے میں جامع بیدا ری پیدا کی جاتی ہے ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے "Ayurveda for People and Planet" ۔اس حوالے سے کل آیوش وزا رت کی طرف سے کئی تقار یب کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔**

**SKUAST**

**سرینگر کے آٹھ NITشیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے پانچ، اور اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کےچھ سائنس دان2025 کے لئے اعلیٰ دو فیصد سائنس دانوں کی گلوبل رینکنگ میں آگئے ہیں ۔**

## وزیر دفاع

**میں بھارتی برادری کے ارکان کے Rabat کے شہر Morocco وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران بھارتی برادری نے آپریشن سندور کے دوران ملک کے مسلح افواج کی فیصلہ کُن کاروائی کی ستائش کی ۔**

## موسم

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے24 گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ9ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر19 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6 بج کر 26منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح 7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ**